Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 8 Short Questions Test

Q1. ڈاک وارنٹ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ ایک رسید ہے جو بندرگاہ پر پڑے ہوئے مال کی ملکیتن کو ظاہر کرتی ہے. رسید کا حامل شخص ہی بندرگاہ سے مال حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے. ڈاک وارنٹ کو بھی بنک میں بطور کفالت پیش کرکے قرض حآسل کیا جاسکتا ہے.

Q2. مخصوص اور جاری ضمانت کی تعریف کریں.

Ans 1: مخصوص ضمانت: ایسی ضمانت جو کسی خاص قرضے یا خاص رقم کےلیے پیش کی جائے مخصوص ضمانت کہلاتی ہے. قرض کی واپسی کے ساتھ ہی یہ ضمانت بھی ختم ہوجاتی ہے.

Ans 2: جاری ضمانت: ایس ضمانت جس میں مقروض کے تمام قرضوں کی زمہ داری قبول کی گئی ہو جاری ضمانت کہلاتی ہے.

Q3. مدت کے لحاظ سے قرضوں کی اہم اقسام بتائیں.

Ans 1: 1- مختصر مدت کے قرضے 2- درمیانی مدت کے قرضے 3- طویل مدت کے قرضے

Q4. قابل فروخت کفالتوں سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی کفالتی جنہیں سٹاک مارکیٹ میں فروخت کرکے زر نقد میں تبدیل کیا جاسکتا ہو قابل فروخت کفالتیں کہلاتی ہیں. موجودہ دور میں ان کفالتوں کی اہمیت بہت زیادہ ہے. کیونکہ انہیں کسی بھی وقت باآسانی زر نقد میں تبدیل کیا جاسکتا ہے.

Q5. ضمانت کے فریق کون کون سے ہیں.

Ans 1: مقروض : وہ شخص جو بنک سے ادھار یا قرض لیتا ہے. قرض خواہ: بنک جو مقروض کے نام قرض جاری کرتا ہے اور گارنٹی قبول کرتا ہے. ضامن: وہ شخص جو مقروض کی طرف سے قرض خواہ کو رقم کی واپسی کا یقین دلاتا ہے اور اس کی زمہ داری قبول کرتا ہے.

Q6. غیر رجسڑڈ شدہ رہن کی تعریف کریں.

Ans 1: عادلانہ رہن کی صورت میں قرض خواہ کفالت دی گئی جائیداد پر قانونی حق ملکیت حاصل نہیں کرتا. عادلانہ رہن کے تحت جائیداد کی قانونی منتقلی معرض وجود میں نہیں آتی.

Q7. دستاویزات متعلقہ مالس ے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی دستاویزات جو کسی مال کے مالکانہ حقوق کع ظاہر کرتی ہوں اور جن کو حآسل کرکے مال پر مکمل اختیار حاصل ہوجائے دستاویزات متعلقہ مال کہلاتی ہیں.

Q8. بنک اپنے فنڈ کیسے استعمال کرتا ہے.

Ans 1: بنک اپنے پاس جمع شدہ فنڈز کو منافع بخش طریقے سے استعمال کرتا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ آمدنی ہوسکے بنک مندرجہ زیل طریقوں سے اپنے فنڈز استعمال کرتے ہیں.

Ans 2: 1- قرضے جاری کرکے 2- سرمایہ کاری کرکے 3- حصص ، تمسکات اور کفالتوں کو خرید کر

Q9. زاتی ضمانت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: بعض اوقات حاصل کرنے والا شخص کوئی دوسری کفالت پیش کرنے کی بجائے زاتی قرض حاصل کرلیتا ہے جسے زاتی کفالت کانام دیا گیا ہے. زاتی کفالت عمومی طور پر اوور ڈرفت اور نقد قرضہ جات کے لیے قبول کی جاتی ہے.

Q10. بنک کے مالکان یا حصہ دار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: بنک کے قیام کے وقت یا بعد میں بنک اپنے حصص کی فرقختگی کے زریعے جو سرمایہا اکٹھا کرتا ہے اور جو لوگ یہ سرمایہ فراہم کرتے ہیں انہیں بنک کے مالکان یا حصد دار کہتے ہیں.